**11.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ انتخابی کمیشن نے، پانچ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں ووٹروں کی فہرستوں پر خصوصی نظر ثانی کیلئے آخری تاریخ میں توسیع کی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ملک عالمی امن، استحکام اور خوشحالی کیلئے مل کر کام کرنا جاری رکھیں گے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے منی پور کے شہر امپھال میں ایک ہزار 300 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔

☆ اروناچل پردیش کے Anjaw ضلع میں ایک ٹرک کے کھائی میں گرنے سے اندیشہ ہے کہ 21ورکر جاں بحق ہوگئے ہیں۔

☆ بنگلہ دیش نے اگلے سال 12فروری کو پارلیمانی انتخابات کرانے کا اعلان کیا ہے، جو گذشتہ سال سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ کے اقتدار سے ہٹنے کے بعد پہلی مرتبہ ہے۔

☆ مغربی بنگال کے Sandeshkhali معاملے میں اہم گواہ نے پولیس میں شکایت درج کی ہے، جس میں یہ الزام لگایا گیا ہے کہ TMC لیڈر شیخ شاہجہاں نے عدالت آتے ہوئے اُن پر جان بوجھ کر حملہ کرایا تھا، جس میں ان کے صاحبزادے اور ڈرائیور کی موت ہوگئی۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں جنوبی افریقہ نے چنڈی گڑھ میں پانچ میچوں کی سیریز کے دوسرے ٹی–ٹوینٹی میچ میں میزبان بھارت کے خلاف جیت کیلئے 214رن کا نشانہ رکھا ہے

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**SIR Revised Statement**

انتخابی کمیشن نے چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں جاری ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی کے دوسرے مرحلے کے شیڈول پر نظرثانی کی ہے۔ اِن میں تمل ناڈو، گجرات، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، انڈمان و نکوبار جزائر اور اترپردیش شامل ہیں۔ نظرثانی شدہ شیڈول کے مطابق تمل ناڈو اور گجرات، اِس مہینے کی 14تاریخ

تک اِس عمل کو مکمل کر لیں گے، وہیں مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور انڈمان اور نکوبار جزائر کیلئے آخری تاریخ میں توسیع کرتے ہوئے اِسے 18دسمبر اور اترپردیش کیلئے 26دسمبر کر دیا گیا ہے۔ ڈرافٹ ووٹر فہرستوں کی اشاعت کی تاریخوں پر بھی نظرثانی کی گئی ہے۔ اس کے مطابق تمل ناڈو اور گجرات میں 19دسمبر، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور انڈمان اور نکوبار جزائر میں 23دسمبر اور اترپردیش میں 31دسمبر کو ووٹر فہرستوں کا ڈرافٹ شائع کیا جائے گا۔

اس سے پہلے انتخابی کمیشن نے کیرالہ کے شیڈول پر نظرثانی کی تھی۔ کیرالہ کیلئے ذاتی معلومات سے متعلق فارم جمع کرنے کی مدت 18دسمبر کو ختم ہوگی اور 23دسمبر کو ووٹر فہرستوں کا ڈرافٹ شائع کیا جائے گا۔ انتخابی کمیشن نے اِس بات کا بھی نوٹس لیا کہ گوا، گجرات، لکشدیپ، راجستھان اور مغربی بنگال میں ذاتی معلومات سے متعلق فارم جمع کرنے کی مدت آج ختم ہو رہی ہے۔ x

## PM US Prez

وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ آج ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے بتایا کہ دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بات چیت کی۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور امریکہ، عالمی امن، استحکام اور خوشحالی کیلئے مل کر کام کرنا جاری رکھیں گے۔ x

## Rev. President Imphal Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج شام امپھال میں ایک تقریب کے دوران ایک ہزار 387 کروڑ روپئے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ صدر جمہوریہ آج شام منی پور کے دو روزہ دورے پر امپھال پہنچی ہیں۔ اِن پروجیکٹوں میں صحت کے شعبے، تعلیم، سڑکیں اور شاہراہیں، قبائلی ترقی، زراعت، بجلی، سلامتی اور انتظامی کھیل کود، بنیادی ڈھانچہ، پینے کا پانی اور دیگر شعبوں سمیت بڑے پیمانے پر مختلف شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔افسوسناک تشدد کے بعد، منی پور کے لوگوں کو درپیش دُکھ اور تکلیف پر اظہارِ غم کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ حکومت ہر متاثرہ کنبے کے ساتھ کھڑی ہے۔انھوں نے یقین دلایا کہ منی پور کے لوگوں کی تشویش پر توجہ مرکوز کرنا حکومت کی اعلیٰ ترین ترجیح ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ حکومت ریاست بھر میں یکساں ترقی کو فروغ دینے کیلئے عہد بند ہے اور اِس بات کو یقینی بنائے گی کہ پیشرفت اور ترقی کا ہر فائدہ ریاست کے کونے کونے تک پہنچے۔

**S/B President Droupadi Murmu**

صدر جمہوریہ نے منی پور کے عوام پر مزید زور دیا کہ وہ ہم آہنگی اور ترقی کیلئے کئے جانے والے اقدامات کو تعاون دینا جاری رکھیں۔x

## PM Dinner Meeting

وزیر اعظم نریندر مودی اپنی سرکاری رہائش گاہ پر قومی جمہوری اتحاد، NDA کے اراکینِ پارلیمنٹ کیلئے منعقد

خصوصی عشائیے کی میزبانی کر رہے ہیں۔ یہ بہار اسمبلی انتخابات میں NDA اتحاد کی جیت کے بعد پہلی بڑی تقریب ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ عشائیے کے دوران وزیر اعظم، قانون سازی کی ترجیحات پر تبادلۂ خیال کرسکتے ہیں، پارلیمنٹ کے جاری سرمائی اجلاس کیلئے حکومت کے وسیع تر ایجنڈے کا جائزہ لے سکتے ہیں اور NDA کے مجموعی سیاسی روڈ میپ کو مضبوط کرسکتے ہیں۔ x

## RS Election Reforms

آج راجیہ سبھا میں انتخابی اصلاحات پر بحث کی گئی۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے BJP کے لیڈر سدھانشو ترویدی نے کہا کہ بھارت جمہوریت کی ماں ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ نریندر مودی حکومت نے سیاسی پارٹیوں کو دیئے جانے والے نقد عطیے کی حد کو 20ہزار روپئے سے کم کرکے دو ہزار روپئے کردیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ انتخابی بونڈس نے انتخابی نظام میں وسیع تر شفافیت پیدا کی ہے۔ انھوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ اُس نے اپنے اقتدار کی مدت کے دوران، انتخابی اصلاحات پر ضروری غور نہیں کیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ پارٹی اِس بات کو نہیں سمجھتی ہے کہ ووٹ گہرے رشتوں اور بھروسے کے ذریعے کمائے جاتے ہیں۔

الیکٹرانکس ووٹنگ مشینوں سے متعلق کانگریس کے الزامات پر سوال اٹھاتے ہوئے انھوں نے واضح کیا کہ EVMs، سابق وزیر اعظم راجیوگاندھی کے دورِ اقتدار کے دوران متعارف کرائی گئی تھیں۔

**S/B Sudhanshu Trivedi**

اِس سے قبل، بحث شروع کرتے ہوئے کانگریس کے رُکن پارلیمنٹ اجے ماکن نے یہ الزام لگاتے ہوئے انتخابی کمیشن کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا کہ اُس نے پولنگ بوتھوں سے حاصل ہونے والی CCTV فوٹیج جاری نہیں کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ کمیشن کو اپنا وقار بحال کرنا چاہیئے۔ انھوں نے انتباہ دیا کہ اعتماد کو پہنچنے والی کسی بھی طرح کی زک، جمہوری اداروں کو کمزور کرسکتی ہے۔

انھوں نے مزید الزام لگایا کہ 2024 کے لوک سبھا چناؤ سے فوراً پہلے کانگریس پارٹی کے کھاتوں کو، آمدنی ٹیکس کی ریٹرنس جمع کرنے میں تاخیر کے باعث، منجمد کردیا گیا تھا۔

**S/B Ajay Maken**

TMC کی ڈولا سین نے کہا کہ اُن کی پارٹی انتخابی اصلاحات کی مخالفت نہیں کرتی، بلکہ اُن انتخابی فہرستوں پر اعتراض کرتی ہے، جو لوگوں کے ناموں کو خارج کرکے تیار کی گئی ہیں۔ DMK کے N.R. Elango نے دعویٰ کیا کہ ملک میں خامیوں سے پاک انتخابی نظام موجود نہیں ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ اکثر مسائل کا سبب EVMs ہیں۔ عآپ کے سنجے سنگھ نے الزام لگایا کہ حکومت SIR کا استعمال، انتخابی فہرستوں کو درست کرنے کے بجائے، ووٹروں کے نام خارج کرنے کیلئے کر رہی ہے۔انھوں نے زور دے کر کہا کہ انتخابی کمیشن کو اِس مشق کو کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ YSR کانگریس کے رُکن پارلیمنٹ Yerram Venkata Subba Reddy

نے بھی انتخابی اصلاحات کے بارے میں بات کی۔ بحث پوری نہیں ہوسکی۔ بعد میں ایوان کی کارروائی کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔x

**RS Vande Matram**

اس سے پہلے ایوانِ بالا میں آج مسلسل تیسرے دن وندے ماترم کی 150ویں سالگرہ پر بحث پھر سے شروع ہوئی۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے منگل کو قومی گیت پر بحث کا آغاز کیا تھا۔ بحث کو مکمل کرتے ہوئے، راجیہ سبھا میں ایوان کے لیڈر اور مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کہا کہ وندے ماترم ملک کی روح میں نئی جان ڈالنے کا ایک منتر ہے اور یہ ملک کی ثقافت سے وابستہ ہونے کا ایک موقع فراہم کرتا ہے۔ جناب نڈا نے کہا کہ یہ گیت بہت تاریخی واقعات کا گواہ ہے، جو آزادی کی ترائی کے دوران پیش آئے۔ انھوں نے مزید کہا کہ قومی گیت نے آزادی کی ترائی کے دوران سب کو توانائی بخشی ہے۔

**S/B J P Nadda- 27 sec**

**BJP Impeachment Lok Sabha**

BJP کے رکن پارلیمنٹ تیجسوی سوریہ نے مدراس ہائی کورٹ کے جج .G.R سوامی ناتھن کے خلاف لوک سبھا میں آج مواخذے کی تحریک پیش کرنے پرDMKسمیت اپوزیشن جماعتوں پر نکتہ چینی کی۔ جناب سوریہ نے مواخذے کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے اور اِسے ملک کی عدلیہ پر حملہ قرار دیا۔ لوک سبھا میں بولتے ہوئے جناب سوریہ نے اِس تحریک کوواپس لینے کامطالبہ کیا اور کہا کہ اِس سے پہلے کانگریس پارٹی نے ایمرجنسی کے دوران عدلیہ کی آزادی پر حملہ کیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مواخذے کی تحریک پوری طرح سے مسترد کر دی جانی چاہیے۔

**S/B: Fianl 2100- Tejasvi Surya**

اِس سے پہلے DMK اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کے اراکینِ پارلیمنٹ نے کل لوک سبھا میں مدراس ہائی کورٹ کے جج جسٹس .G.R سوامی ناتھن کے خلاف آئین کی دفعہ 217 کی شق 124 کے تحت اسپیکر کے رو برو مواخذے کی تحریک پیش کی۔ یہ تحریک جسٹس .G.R سوامی ناتھن کی جانب سے مدورائی کی Thiruparankundram پہاڑی کی چوٹی پر Karthigai Deepam دیپ روشن کرنے کے متنازعہ معاملے پر دیئے گئے اُن کے فیصلے کے خلاف گزشتہ روز پیش کی گئی۔ x

**Parl Report**

لوک سبھا اور راجیہ سبھا، دونوں ایوانوں میں آج سرکاری شعبے کی کمپنیوں پر پارلیمانی کمیٹی کی کُل 11رپورٹس پیش کی گئیں۔ اِس کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے سرکاری شعبے کی کمپنیوں سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے چیئر مین Baijayant Jay Panda نے کہا کہ، کمیٹی نے نایاب ارضیاتی معدنیات اور نیوکلیائی توانائی سمیت مختلف شعبوں کا جائزہ لیا ہے۔×

## Rijiju VAQF

اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے آج نئی دلّی میں اپنے دفتر میں آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کے وفد کے ساتھ سرگرم بات چیت کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ انھوں نے امید پورٹل پر وقف اِملاک کے اندراج سے تعلق رکھنے والے معاملات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا اور اپنے نظریات کا تبادلہ کیا۔x

## Assam Accident

چین کے سرحد کے نزدیک اروناچل پردیش کے انجوا ضلع میں 22مزدوروں کو لے جانے والے ایک ٹرک کے چٹان سے پھسل کر نیچے گر جانے کے سبب 21افراد ہلاک ہو گئے، جس میں سے 14لاشوں کو نکال لیا گیا ہے۔ یہ سبھی آسام کے Tinsukia ضلع کے رہنے والے تھے۔ بھارتی فوج NDRF ، SDRF ، GREF اور ضلع انتظامیہ نے تلاش اور بچاؤ کی مشترکہ کاروائیاں شروع کر دی ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ہلاکتوں پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔ انھوں نے وزیر اعظم کے قومی راحتی فنڈ سے ہلاک ہونے والوں کے کنبوں کو 2لاکھ روپے، اور زخمیوں کو 50ہزار روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔×

## Bangladesh ECE

بنگلہ دیش میں اگلے سال 12فروری کو پارلیمانی انتخابات کرانے کا اعلان کیا ہے، جو گزشتہ سال سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ کے اقتدار سے بے دخل ہونے کے بعد پہلے انتخابات ہوں گے۔ اِسی دن جولائی نیشنل چارٹر کے نفاذ سے متعلق ریفرینڈم ہوگا۔ چیف انتخابی کمشنر .A. M. M نصیر الدین نے آج قوم سے خطاب کرتے ہوئے یہ اعلان کیا۔ انھوں نے کہا کہ مجموعی طور پر 300پارلیمانی نشستوں پر انتخابات ہوں گے۔ بنگلہ دیش کے چیف انتخابی کمشنر نے انتخابی عمل کی مدت سے متعلق تفصیلات بھی فراہم کیں۔ 8اگست 2024 کو پروفیسر محمد یونس کی قیادت والی عبوری حکومت کے اقتدار سنبھالنے کے بعد سے یہ سب سے اہم سیاسی سنگ میل ہے۔ x

## Sandeshekhali Witness Injured

مغربی بنگال میں، Bholanath Ghosh کی جانب سے ایک شکایت درج کرائی گئی ہے، جو شمالی 24پرگنا میں راج باڑی آؤٹ پوسٹ میں Sandesh Khali کے ٹی ایم سی لیڈر شیخ شاہجہاں کی گرفتاری اور معطلی کے معاملے میں CBI کا ایک اہم گواہ ہے۔ کل ایک سڑک حادثے میں گھوش کے چھوٹے بیٹے اور ڈرائیور کی موت ہوگئی اور وہ شدید طور پر زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب وہ شاہجہاں سے متعلق ایک معاملے میں گواہی دینے کیلئے Basirhat Court جا رہے تھے۔ اُن کے اہل خانہ نے الزام لگایا ہے کہ یہ حادثہ جان بوجھ کر گرایا گیاہے۔شکایت درج کرانے کے بعد جناب گھوش نے دعویٰ کیا ہے کہ اُن پر یہ حملہ شیخ شاہجہاں کی جانب سے منصوبہ بند طریقے سے کرایا گیا ہے اور اس کی معاونین نے اسے انجام دیا ہے۔BJP نے اس حادثے کی مذمت کی ہے۔ شمال مشرقی خطے میں تعلیم اور ترقی کے وزیر مملکت، Sukant Majumdar نے مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کو اس حملے کیلئے ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔×

## IndiGo Compensation

انڈیگو ایئر لائنز نے اِس مہینے کی 3، 4اور 5 تاریخ کو ایئر لائنز کی اڑانوں میں خلل پڑنے کی وجہ سے متاثر ہوئے مسافروں کیلئے فی کس 10ہزار روپے کے معاوضے کا اعلان کیا ہے۔ انڈیگو نے کہا ہے کہ Travel Vouchers کی شکل میں اِس معاوضے پیشکش کی جائے گی، جو اگلے 12مہینے کے دوران کسی بھی انڈیگو سفر کیلئے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ انڈیگو ایئر لائنز نے مزید کہا کہ حکومت کے رہنما خطوط کے تحت طے کیے گئے معاوضے کے علاوہ انڈیگو، اُن مسافروں کو، جن کی پروازیں روانگی کے مقررہ وقت کے چوبیس گھنٹے کے اندر منسوخ ہوئی ہیں، اُنھیں Flight block time کی بنیاد پر 5ہزار سے 10ہزار روپے ادا کرے گا۔x

## Pak EX ISI Chief

پاکستان میں فوجی اداروں، خاص طور پر دفائی افواج کے سربراہ فیلڈ مارشل آصف منیر اور انٹیلیجنس کے سابق حکام سے وابستہ ڈھڑوں کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے مابین، آج ایک فوجی عدالت نے انٹرسروسس انٹیلیجنس آئی ایس آئی کے سابق سربراہ فیض حمید کو 14 سال قید کی سزا سنائی ہے۔ حکمرانوں نے موجودہ فوجی قیادت اور آئی ایس آئی کے اندر اُن بااثر عناصر کے درمیان بڑھتی ہوئی خلیج کو اجاگر کیا ہے، جو حالیہ برسوں میں سیاست سے وابستہ رہے ہیں۔ حمید 2019سے 2021 تک آئی ایس آئی کے ڈائریکٹر جنرل رہے تھے۔ اُن پر سیاسی سرگرمیوں نے ملوث ہونے، Official Secret Act کی خلاف ورزی کرنے اور نقصان پہنچانے کا الزام ہے۔Field General Court Martial نے، جس کی کاروائی اگست 2024 میں شروع ہوئی تھی، انہیں تمام الزامات میں قصواروار پایا۔ آئی ایس آئی کے کسی سابق سربراہ کے لئے غیر متوقع طور پر قصوروار پایا جانا، پاکستان کے سکیورٹی کے اداروں کے اندر جاری اختیارات کی نئی صف بندی ایک اہم معاملہ ہے، جو اختیارات کو اور زیادہ مضبوط کرنے اور حریف دھڑوں کے سیاسی اثر کو کم کرنے کی جنرل منیر کی کوششوں کا عندیہ دیتا ہے۔×

## T-20 Cricket

مردوں کی کرکٹ میں پانچ میچوں کی سیریز کے دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں آج شام چنڈی گڑھ میں جنوبی افریقہ نے میزبان بھارت کے سامنے جیت کیلئے 214رن کا نشانہ رکھا ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مہمان ٹیم نے مقررہ 20اوورز میں 4وکٹ کے نقصان پر 213رن بنائے۔

آخری خبریں ملنے تک بھارت نے 4اوورز میں 3وکٹ پر 32رن بنا لئے تھے۔

اس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیتا اور فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔بھارتی ٹیم پانچ میچوں کی سیریز میں ایک–صفر کی سبقت لئے ہوئے ہے۔ بھارت نے منگل کے روز کٹک کے پہلے میچ میں جنوبی افریقہ کو 101رن سے ہرا دیا تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆